## حصہ "ب" (مختصر جواب کے سوالات) نشانات:۳۰

۲۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی دو کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (۴)

(i) غالب نے کس مقام سے میر مہدی مجروح کے نام خط تحریر کیا؟

(ii) نظریۂ پاکستان کا مفہوم مختصراً بیان کیجیے۔

(iii) جاوید شہید کا تعلق کس شہر سے تھا؟

(iv) ڈاکٹر صاحب کس حلیہ میں مریضوں کا معائنہ کر رہے تھے؟

۳۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سبق کا مرکزی خیال یا خلاصہ مصنف کے حوالے کے ساتھ تحریر کیجیے۔ (۵)

(i) رشتہ ناتا (ii) نظریہ پاکستان

-------یا-------

مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ۔۔۔یا۔۔۔مرکزی خیال شاعر کے حوالے کے ساتھ تحریر کیجیے۔

(i) برسات کا تماشہ (ii) گرمی کی شدت

۴۔ مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی دو کی تشریح شاعر کے مختصر تعارف کے ساتھ کیجیے۔ (۲)

(i) جو تجھ بن نہ جینے کو کہتے تھے ہم سو اس عہد کو اب وفا کر چلے

(ii) کرے جس قدر شکر نعمت وہ کم ہے مزے لوٹتی ہے زباں کیسے کیسے

(iii) جلا ہے جسم جہاں دل بھی جل گیا ہوگا کریدتے ہو جو اب راکھ جستجو کیا ہے

(iv) دعا میں ذکر کیوں ہو مدعا کا کہ یہ شیوہ نہیں اہلِ رضا کا

-----یا-----نظم کے عنوان اور شاعر کے حوالے کے ساتھ مندرجہ ذیل جز کی تشریح کیجیے۔

وہ لو وہ آفتاب کی حدت، وہ تاب و تب
کالا تھا رنگ دھوپ سے، دن کا مثال شب
خود نہر علقمہ کے بھی سوکھے ہوئے تھے لب
خیمے جو تھے حبابوں کے تپتے تھے سب کے سب
اڑتی تھی خاک، خشک تھا چشمہ حیات کا
کھولا ہوا تھا دھوپ سے پانی فرات کا

۵۔ مندرجہ ذیل میں سے دو شعری اصطلاحات کی تعریف مثالوں کے ساتھ کیجیے۔ (۴)

ردیف، تخلص، قافیہ، بحر

----یا----مندرجہ ذیل میں سے دو اصناف ادب کی تعریف مختصراً تحریر کیجیے۔

افسانہ، ڈرامہ، آپ بیتی، تخلص

۶۔ اپنے دوست کے نام ایک خط لکھیے جس میں اسے موبائل فون کے نقصانات سے آگاہ کیجیے۔ (۵)

---یا---کسی اخبار کے مدیر کے نام ایک مراسلہ تحریر کیجیے جس میں علاقے میں پانی کی قلت پر توجہ دلائیں۔

۷۔ (الف) مندرجہ ذیل میں سے کسی دو کی تعریف مثالوں کے ساتھ کیجیے۔ (۴)

جملہ اسمیہ، سابقہ، لاحقہ، روزمرہ

---

----یا----مندرجہ ذیل میں سے کسی چار الفاظ و محاورات کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔

دم بہ خود، سعادت، نام بیچنا، قباحت، شکستہ، آتش محبت

۷۔ (ب) درج ذیل الفاظ میں سے کسی دو الفاظ کے سابقے اور لاحقے الگ الگ کرکے لکھیے۔ (۲)

بدنصیب، داغ دار، لاعلاج، پائے دار

## حصہ "ج" (بیانیہ جواب کے سوالات) کل نشانات:۱۵

۸۔ سیاق و سباق کے حوالے کے ساتھ مندرجہ ذیل عبارت کی تشریح سلیس اور بامحاورہ زبان میں کیجیے۔ (۶)

اگر تم اپنے ماں باپ سے خودسر رہے ہو تو عجب نہیں کہ تمہاری اولاد بھی تم سے سرکش رہے۔ اس وقت نہ عقل مندوں کے نزدیک، نہ خدا کی جناب میں کہیں تمہارا دعویٰ پیش کیا جاسکتا ہے۔ کیونکہ تم نے اپنے بزرگوں سے کیا سلوک کیا جو آج اپنے خردوں سے توقع رکھتے ہو۔

---یا---سیاق و سباق کے حوالے کے ساتھ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو جملوں کی تشریح کیجیے۔

(i) مسلمانوں کی قوم ایک علیحدہ قومیت ہے۔

(ii) تمام انسان ایک دوسرے کی ہمدردی کے ذمہ دار ہیں۔

(iii) ہر معاملہ کی دو ہی صورتیں ہیں فتح یا شکست

(iv) دیکھو نادان، بے بس بچہ گہوارے میں سوتا ہے۔

۹۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر کم از کم دو صفحات پر مشتمل مضمون لکھیے: (۹)

(i) میری زندگی کا ایک یادگار واقعہ (ii) اگر میں وزیر تعلیم ہوتا/ہوتی (iii) شجر کاری کی اہمیت

www.ilmkidunya.com